وَّجَنَّتُ نَعِيْمٍ ﴿۸۹﴾ وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنْ

اور نعمت کے باغ ہیں اور اگر وہ دائیں ہاتھ والوں

اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿۹۰﴾ فَسَلٰمٌ لَّكَ مِنْ

میں سے ہے تو (کہا جائے گا) تجھ پر داہنے ہاتھ والوں

اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿۹۱﴾ وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ

کی طرف سے سلام اور اگر وہ جھٹلانے والے

الْمُكَذِّبِيْنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿۹۲﴾ فَنُزُلٌ مِّنْ

گمراہوں میں سے ہے تو اس کے لیے کھولتے پانی

حَمِيْمٍ ﴿۹۳﴾ وَّتَصْلِيَةُ جَحِيْمٍ ﴿۹۴﴾ اِنَّ هٰذَا

کی ضیافت ہے اور جہنم میں داخل کیا جانا یہ (داخل کیا جانا) یقیناً

لَهُوَ حَقُّ الْيَقِيْنِ ﴿۹۵﴾ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ

صحیح یعنی حق الیقین ہے تو تم اپنے پروردگار بزرگ کے نام

الْعَظِيْمِ ﴿۹۶﴾

کی تسبیح کرتے رہو

ع ۳ ۲۲ ۱۶

سُوْرَةُ الْمُلْكِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَلٰثُوْنَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

سورۃ ملک مکّی ہے اس میں تیس آیتیں اور دو رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع خدا کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

تَبٰرَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ وَهُوَ عَلٰى

وہ (خدا) جس کے ہاتھ میں بادشاہی ہے بڑی برکت والا ہے اور وہ

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرُ ۝١ الَّذِيْ خَلَقَ الْمَوْتَ

ہر چیز پر قادر ہے اسی نے موت اور زندگی کو

وَالْحَيٰوةَ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا

پیدا کیا تاکہ تمہاری آزمائش کرے کہ تم میں کون اچھے عمل کرتا ہے

وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ ۝٢ الَّذِيْ خَلَقَ سَبْعَ

اور وہ زبردست (اور) بخشنے والا ہے اس نے سات آسمان

سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا مَا تَرٰى فِيْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ

اوپر تلے بنائے (اے دیکھنے والے) کیا تو (خدا) رحمٰن کی آفرینش میں کچھ

مِنْ تَفٰوُتٍ فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰى

نقص دیکھتا ہے ذرا آنکھ اٹھا کر دیکھ بھلا تجھ کو (آسمان میں)

مِنْ فُطُوْرٍ ﴿۳﴾ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ

کوئی شگاف نظر آتا ہے؟ پھر دوبارہ (سہ بارہ) نظر کر تو نظر (ہر بار)

يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ

تیرے پاس ناکام اور تھک کر واپس لوٹ آئے گی

حَسِيْرٌ ﴿۴﴾ وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا

اور ہم نے قریب کے آسمان کو (تاروں کے) چراغوں سے

بِمَصَابِيْحَ وَجَعَلْنٰهَا رُجُوْمًا

زینت دی اور ان کو شیطان کے مارنے کا

لِّلشَّيٰطِيْنِ وَاَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ

آلہ بنایا اور ان کے لیے دہکتی آگ کا عذاب تیار کر

السَّعِيْرِ ﴿۵﴾ وَلِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ

رکھا ہے اور جن لوگوں نے اپنے پروردگار سے انکار کیا ان کے

عَذَابُ جَهَنَّمَ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۶﴾ اِذَآ

لیے جہنم کا عذاب ہے اور وہ برا ٹھکانہ ہے جب وہ

اُلْقُوْا فِيْهَا سَمِعُوْا لَهَا شَهِيْقًا وَّهِيَ

اس میں ڈالیں جائیں گے تو اس کا چیخنا چلانا سنیں گے اور وہ جوش مار

تَفُوۡرُ ۝۷ تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الۡغَيۡظِ ؕ كُلَّمَاۤ

جب اس میں ... رہی ہوگی ... گویا مارے جوش کے پھٹ پڑے گی

اُلۡقِىَ فِيۡهَا فَوۡجٌ سَاَلَهُمۡ خَزَنَتُهَاۤ

ان کی کوئی جماعت ڈالی جائے گی تو دوزخ کے داروغہ ان سے

اَلَمۡ يَاۡتِكُمۡ نَذِيۡرٌ ۝۸ قَالُوۡا بَلٰى قَدۡ

پوچھیں گے کیا تمہارے پاس کوئی ہدایت کرنے والا نہیں آیا تھا؟ وہ کہیں گے کیوں نہیں

جَآءَنَا نَذِيۡرٌ ۙ فَكَذَّبۡنَا وَقُلۡنَا مَا

ضرور ہمارے پاس ہدایت کرنے والا آیا تھا لیکن ہم نے اس کو جھٹلا دیا اور کہا کہ خدا نے

نَزَّلَ اللّٰهُ مِنۡ شَىۡءٍ ۖۚ اِنۡ اَنۡتُمۡ اِلَّا فِىۡ

تو کوئی چیز نازل ہی نہیں کی ... تم تو بڑی غلطی میں (پڑے

ضَلٰلٍ كَبِيۡرٍ ۝۹ وَقَالُوۡا لَوۡ كُنَّا نَسۡمَعُ اَوۡ

ہوئے) ہو ... اور کہیں گے اگر ہم سنتے یا

نَعۡقِلُ مَا كُنَّا فِىۡۤ اَصۡحٰبِ السَّعِيۡرِ ۝۱۰

سمجھتے ہوتے تو دوزخیوں میں نہ ہوتے

فَاعۡتَرَفُوۡا بِذَنۡۢبِهِمۡ ۚ فَسُحۡقًا لِّاَصۡحٰبِ

پس وہ اپنے گناہ کا اقرار کریں گے سو دوزخیوں کے لیے (رحمت خدا سے

السَّعِيْرِ ﴿۱۱﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ

دوری ہے (اور) جو لوگ بن دیکھے اپنے پروردگار سے

بِالْغَيْبِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ﴿۱۲﴾

ڈرتے ہیں ان کے لیے بخشش اور اجر عظیم ہے

وَاَسِرُّوْا قَوْلَكُمْ اَوِ اجْهَرُوْا بِهٖ ؕ اِنَّهٗ

اور تم (لوگ) بات پوشیدہ کہو یا ظاہر وہ دل کے

عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۳﴾ اَلَا يَعْلَمُ مَنْ

بھیدوں تک سے واقف ہے بھلا جس نے پیدا کیا وہ

خَلَقَ ؕ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ﴿۱۴﴾ هُوَ الَّذِيْ

بے خبر ہے وہ تو پوشیدہ باتوں کا جاننے والا اور (ہر چیز سے) آگاہ ہے وہی تو ہے

ع ۱

جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ ذَلُوْلًا فَامْشُوْا

جس نے تمہارے لیے زمین کو نرم کیا تو اس کی راہوں

فِيْ مَنَاكِبِهَا وَكُلُوْا مِنْ رِّزْقِهٖ ؕ

میں چلو پھرو اور خدا کا (دیا ہوا) رزق کھاؤ

وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ ﴿۱۵﴾ ءَاَمِنْتُمْ مَّنْ فِي

اور تم کو اسی کے پاس (قبروں سے) نکل کر جانا ہے کیا تم اس سے جو آسمان میں ہے

السَّمَآءِ اَنْ یَّخْسِفَ بِكُمُ الْاَرْضَ فَاِذَا

بے خوف ہو کہ تم کو زمین میں دھنسا دے اور وہ

هِیَ تَمُوْرُ ﴿۱۶﴾ اَمْ اَمِنْتُمْ مَّنْ فِی السَّمَآءِ

اس وقت حرکت کرنے لگے کیا تم اس سے جو آسمان میں ہے نڈر ہو

اَنْ یُّرْسِلَ عَلَیْكُمْ حَاصِبًا ؕ فَسَتَعْلَمُوْنَ

کہ تم پر کنکر بھری ہوا چھوڑ دے سو تم عنقریب جان لوگے

كَیْفَ نَذِیْرِ ﴿۱۷﴾ وَ لَقَدْ كَذَّبَ الَّذِیْنَ مِنْ

کہ میرا ڈرانا کیسا ہے اور جو لوگ ان سے پہلے تھے انھوں نے

قَبْلِهِمْ فَكَیْفَ كَانَ نَكِیْرِ ﴿۱۸﴾ اَوَ لَمْ

بھی جھٹلایا تھا سو (دیکھ لوکہ) میرا کیسا عذاب ہوا؟ کیا انھوں نے

یَرَوْا اِلَى الطَّیْرِ فَوْقَهُمْ صٰٓفّٰتٍ وَّ

اپنے سروں پر اڑتے جانوروں کو نہیں دیکھا جو پروں کو پھیلاتے رہتے

یَقْبِضْنَ ؔۘ مَا یُمْسِكُهُنَّ اِلَّا الرَّحْمٰنُ ؕ

ہیں اور ان کو سکیڑ بھی لیتے ہیں خدا کے سوا انھیں کوئی تھام نہیں سکتا

اِنَّهٗ بِكُلِّ شَیْءٍۭ بَصِیْرٌ ﴿۱۹﴾ اَمَّنْ هٰذَا

بے شک وہ ہر چیز کو دیکھ رہا ہے بھلا ایسا کون

اَلَّذِیْ هُوَ جُنْدٌ لَّكُمْ یَنْصُرُكُمْ مِّنْ

ہے جو تمہاری فوج ہو کر خدا کے سوا تمہاری مدد

دُوْنِ الرَّحْمٰنِ ؕ اِنِ الْكٰفِرُوْنَ اِلَّا فِیْ

کر سکے کافر تو دھوکے میں ہیں

غُرُوْرٍ ۚ﴿۲۰﴾ اَمَّنْ هٰذَا الَّذِیْ یَرْزُقُكُمْ

بھلا اگر وہ اپنا رزق بند کر لے تو کون

اِنْ اَمْسَكَ رِزْقَهٗ ۚ بَلْ لَّجُّوْا فِیْ

ہے جو تم کو رزق دے؛ لیکن یہ سرکشی اور نفرت

عُتُوٍّ وَّ نُفُوْرٍ ﴿۲۱﴾ اَفَمَنْ یَّمْشِیْ مُكِبًّا

میں پھنسے ہوئے ہیں بھلا جو شخص چلتا ہوا منہ کے بل گر گر پڑتا ہے

عَلٰی وَجْهِهٖۤ اَهْدٰۤی اَمَّنْ یَّمْشِیْ

وہ سیدھے رستے پر ہو یا وہ جو سیدھے

سَوِیًّا عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ﴿۲۲﴾ قُلْ

رستے پر برابر چل رہا ہو؟ کہو

هُوَ الَّذِیْۤ اَنْشَاَكُمْ وَ جَعَلَ لَكُمُ

وہ خدا ہی تو ہے جس نے تم کو پیدا کیا اور تمہارے کان

السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِیْلًا
اور آنکھیں اور دل بنائے مگر تم کم

مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۲۳﴾ قُلْ هُوَ الَّذِیْ ذَرَاَكُمْ
احسان مانتے ہو کہہ دو کہ وہی ہے جس نے تم کو

فِی الْاَرْضِ وَ اِلَیْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَ
زمین میں پھیلایا اور اسی کے رو برو تم جمع کیے جاؤ گے اور

یَقُوْلُوْنَ مَتٰی هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ
کافر کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو یہ وعدہ کب

صٰدِقِیْنَ ﴿۲۵﴾ قُلْ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۪
(پورا) ہو گا؟ کہہ دو کہ اس کا علم خدا ہی کو ہے

وَ اِنَّمَاۤ اَنَا نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ﴿۲۶﴾ فَلَمَّا
اور میں تو کھول کھول کر ڈر سنانے والا ہوں سو جب وہ

رَاَوْهُ زُلْفَةً سِیْٓـَٔتْ وُجُوْهُ الَّذِیْنَ
دیکھ لیں گے کہ وہ (وعدہ) قریب آگیا تو کافروں کے منہ برے ہو

كَفَرُوْا وَ قِیْلَ هٰذَا الَّذِیْ كُنْتُمْ
جائیں گے اور ان سے کہا جائے گا کہ یہ وہی ہے جس کے تم

بِهٖ تَدَّعُوۡنَ ﴿۲۷﴾ قُلۡ اَرَءَیۡتُمۡ اِنۡ

خواستگار تھے کہو کہ بھلا دیکھو تو اگر خدا مجھ کو

اَهۡلَكَنِیَ اللّٰهُ وَمَنۡ مَّعِیَ اَوۡ رَحِمَنَا

اور میرے ساتھیوں کو ہلاک کر دے یا ہم پر مہربانی کرے

فَمَنۡ یُّجِیۡرُ الۡکٰفِرِیۡنَ مِنۡ عَذَابٍ

تو کون ہے جو کافروں کو دکھ دینے والے عذاب سے پناہ

اَلِیۡمٍ ﴿۲۸﴾ قُلۡ هُوَ الرَّحۡمٰنُ اٰمَنَّا بِهٖ وَ

دے؟ کہہ دو کہ وہ (جو خدائے) رحمٰن (ہے) ہم اسی پر ایمان لائے اور

عَلَیۡهِ تَوَکَّلۡنَا ۚ فَسَتَعۡلَمُوۡنَ مَنۡ

اسی پر بھروسہ رکھتے ہیں تم کو جلد معلوم ہو جائے گا کہ صریح گمراہی

هُوَ فِیۡ ضَلٰلٍ مُّبِیۡنٍ ﴿۲۹﴾ قُلۡ اَرَءَیۡتُمۡ

میں کون پڑ رہا تھا کہو کہ بھلا دیکھو تو اگر تمہارا پانی

اِنۡ اَصۡبَحَ مَآؤُکُمۡ غَوۡرًا فَمَنۡ یَّاۡتِیۡکُمۡ

(جو تم پیتے اور برتتے ہو) خشک ہو جائے تو خدا کے سوا کون ہے جو تمہارے لیے شیریں

بِمَآءٍ مَّعِیۡنٍ ﴿۳۰﴾ ع

پانی کا چشمہ بہا لائے؟

سُوْرَةُ نُوْحٍ مَّكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانٌ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

سورۃ نوح مکی ہے اس میں اٹھائیس آیتیں اور دو رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع خدا کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِنَّآ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖٓ اَنْ اَنْذِرْ

ہم نے نوحؑ کو ان کی قوم کی طرف بھیجا کہ پیشتر اس کے

قَوْمَكَ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَهُمْ عَذَابٌ

کہ اس پر درد دینے والا عذاب واقع ہو اپنی قوم کو ہدایت

اَلِيْمٌ ۝۱ قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّيْ لَكُمْ نَذِيْرٌ

کر دو انھوں نے کہا کہ اے قوم! میں تم کو کھلے طور پر نصیحت

مُّبِيْنٌ ۝۲ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ

کرتا ہوں کہ خدا کی عبادت کرو اور اس سے ڈرو

وَاَطِيْعُوْنِ ۝۳ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ

اور میرا کہا مانو وہ تمہارے گناہ بخش دے گا

وَيُؤَخِّرْكُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ اِنَّ

اور موت کے وقت مقرر تک تم کو مہلت عطا کرے گا جب

وقف لازم

أَجَلَ اللّٰهِ إِذَا جَآءَ لَا يُؤَخَّرُ لَوْ كُنْتُمْ

خدا کا مقرر کیا ہوا وقت آ جاتا ہے تو تاخیر نہیں ہوتی کاش! تم

تَعْلَمُوْنَ ۝۴ قَالَ رَبِّ إِنِّيْ دَعَوْتُ قَوْمِيْ

جانتے ہوتے (جب لوگوں نے نہ مانا تو نوحؑ نے خدا سے) عرض کی کہ پروردگار

لَيْلًا وَّنَهَارًا ۝۵ فَلَمْ يَزِدْهُمْ دُعَآءِيْٓ إِلَّا

میں اپنی قوم کو رات دن بلاتا رہا لیکن میرے بلانے سے وہ اور زیادہ گریز کرتے

فِرَارًا ۝۶ وَإِنِّيْ كُلَّمَا دَعَوْتُهُمْ لِتَغْفِرَ لَهُمْ

رہے۔ اور جب میں نے ان کو بلایا کہ (توبہ کریں اور) تو ان کو معاف فرمائے

جَعَلُوْٓا أَصَابِعَهُمْ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَاسْتَغْشَوْا

تو انھوں نے اپنے کانوں میں انگلیاں دے لیں اور کپڑے

ثِيَابَهُمْ وَأَصَرُّوْا وَاسْتَكْبَرُوا اسْتِكْبَارًا ۝۷ ج

اوڑھ لیے اور اڑ گئے اور اکڑ گئے

ثُمَّ إِنِّيْ دَعَوْتُهُمْ جِهَارًا ۝۸ ثُمَّ إِنِّيْٓ أَعْلَنْتُ

پھر میں ان کو کھلے طور پر ہی بلاتا رہا اور ظاہر

لَهُمْ وَأَسْرَرْتُ لَهُمْ إِسْرَارًا ۝۹ فَقُلْتُ

اور پوشیدہ ہر طرح سمجھاتا رہا اور کہا کہ

اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ۖ إِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا ۝١٠

اپنے پروردگار سے معافی مانگو کہ وہ بڑا معاف کرنے والا ہے

يُّرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا ۝١١ وَّ

وہ تم پر آسمان سے لگاتار مینہ برسائے گا اور مال

يُمْدِدْكُمْ بِأَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ

اور بیٹوں سے تمہاری مدد فرمائے گا اور تمہیں باغ

جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ أَنْهٰرًا ۝١٢ مَا لَكُمْ لَا

عطا کرے گا اور (ان میں) تمہارے لیے نہریں بہادے گا تم کو کیا ہوا ہے کہ تم

تَرْجُوْنَ لِلّٰهِ وَقَارًا ۝١٣ وَقَدْ خَلَقَكُمْ أَطْوَارًا ۝١٤

خدا کی عظمت کا اعتقاد نہیں رکھتے حالانکہ اس نے تم کو طرح طرح کی حالتوں کا پیدا کیا

أَلَمْ تَرَوْا كَيْفَ خَلَقَ اللّٰهُ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ

کیا تم نے نہیں دیکھا کہ خدا نے سات آسمان کیسے اوپر تلے

طِبَاقًا ۝١٥ وَّجَعَلَ الْقَمَرَ فِيْهِنَّ نُوْرًا وَّجَعَلَ

بنائے ہیں اور چاند کو ان میں (زمین کا) نور بنایا ہے اور سورج

الشَّمْسَ سِرَاجًا ۝١٦ وَاللّٰهُ أَنْبَتَكُمْ مِّنَ

کو چراغ ٹھہرایا ہے اور خدا ہی نے تم کو زمین سے

الْاَرْضِ نَبَاتًا ۝١٧ ثُمَّ يُعِيْدُكُمْ فِيْهَا وَيُخْرِجُكُمْ

پیدا کیا ہے پھر اسی میں تمھیں لوٹادے گا اور (اسی سے) تم کو نکال

اِخْرَاجًا ۝١٨ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ بِسَاطًا ۝١٩

کھڑا کرے گا اور خدا ہی نے زمین کو تمہارے لیے فرش بنایا

لِّتَسْلُكُوْا مِنْهَا سُبُلًا فِجَاجًا ۝٢٠ قَالَ نُوْحٌ رَّبِّ

تاکہ اس کے بڑے بڑے کشادہ رستوں میں چلو پھرو (اس کے بعد) نوح نے عرض کی کہ

اِنَّهُمْ عَصَوْنِيْ وَاتَّبَعُوْا مَنْ لَّمْ يَزِدْهُ مَالُهٗ وَ

میرے پروردگار! یہ لوگ میرے کہنے پر نہیں چلے اور ایسوں کے تابع ہوئے ہیں جن کو

وَلَدُهٗٓ اِلَّا خَسَارًا ۝٢١ وَمَكَرُوْا مَكْرًا كُبَّارًا ۝٢٢ وَ

ان کے مال اور اولاد نے نقصان کے سوا کچھ فائدہ نہیں دیا اور وہ بڑی بڑی چالیں چلے اور

قَالُوْا لَا تَذَرُنَّ اٰلِهَتَكُمْ وَلَا تَذَرُنَّ وَدًّا

کہنے لگے کہ اپنے معبودوں کو ہرگز نہ چھوڑنا اور ودّ اور

وَّلَا سُوَاعًا ۥ وَّلَا يَغُوْثَ وَيَعُوْقَ وَنَسْرًا ۝٢٣

سواع اور یغوث اور یعوق اور نسر کو کبھی ترک نہ کرنا

وَقَدْ اَضَلُّوْا كَثِيْرًا ۚ وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا

اور (پروردگار) انھوں نے بہت لوگوں کو گمراہ کر دیا ہے تو تو ان کو اور گمراہ

ضَلٰلًا ﴿۲۴﴾ مِمَّا خَطِيْٓـٰٔتِهِمْ اُغْرِقُوْا فَاُدْخِلُوْا نَارًا ۙ

کر دے (آخر) وہ اپنے گناہوں کے سبب ہی غرقاب کر دیئے گئے پھر آگ میں ڈال دیے گئے

فَلَمْ يَجِدُوْا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْصَارًا ﴿۲۵﴾

تو انھوں نے خدا کے سوا کسی کو اپنا مددگار نہ پایا

وَقَالَ نُوْحٌ رَّبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْاَرْضِ مِنَ

اور (پھر) نوحؑ نے (یہ) دعا کی کہ میرے پروردگار کسی کافر کو روئے زمین پر

الْكٰفِرِيْنَ دَيَّارًا ﴿۲۶﴾ اِنَّكَ اِنْ تَذَرْهُمْ يُضِلُّوْا

بسا نہ رہنے دے اگر تو ان کو رہنے دے گا تو تیرے بندوں

عِبَادَكَ وَلَا يَلِدُوْٓا اِلَّا فَاجِرًا كَفَّارًا ﴿۲۷﴾ رَبِّ

کو گمراہ کریں گے اور ان سے جو اولاد ہو گی وہ بھی بدکار اور ناشکر گزار ہو گی اے میرے پروردگار

اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ

مجھ کو اور میرے ماں باپ کو اور جو ایمان لا کر میرے گھر میں آئے

مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ۭ وَلَا تَزِدِ

اس کو اور تمام ایمان والے مردوں اور ایمان والی عورتوں کو معاف فرما اور ظالم لوگوں

الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا تَبَارًا ﴿۲۸﴾ ع

کے لیے اور زیادہ تباہی بڑھا

ع ۲ النصف

سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ عِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

سورہ مزمل مکی ہے اور اس میں بیس آیتیں اور دو رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع خدا کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۝ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝

اے (محمدؐ) جو کپڑے میں لپٹ رہے ہو رات کو قیام کیا کرو مگر تھوڑی رات

نِّصْفَهٗٓ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا ۝ اَوْ

قیام آدھی رات (کیا کرو) یا اس سے بھی کچھ کم یا

زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ۝

کچھ زیادہ اور قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھا کرو

اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا ۝

ہم عنقریب تم پر ایک بھاری فرمان نازل کریں گے

اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْاً وَّ

کچھ شک نہیں کہ رات کا اٹھنا (نفس بہیمی کو) سخت پامال کرتا ہے اور

اَقْوَمُ قِيْلًا ۝ اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا

اس وقت ذکر بھی خوب درست ہوتا ہے دن کے وقت تو تمہیں اور بہت سے شغل

طَوِيْلًا ﴿٧﴾ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ

ہوتے ہیں تو اپنے پروردگار کے نام کا ذکر کرو اور ہر طرف سے بے تعلق ہو کر

اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ﴿٨﴾ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ

اس کی طرف متوجہ ہو جاؤ (وہی) مشرق اور مغرب کا مالک (ہے اور)

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ﴿٩﴾

اس کے سوا کوئی معبود نہیں تو اسی کو اپنا کارساز بناؤ

وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ

اور جو جو (دل آزار) باتیں یہ لوگ کہتے ہیں ان کو سہتے رہو اور اچھے طریق

هَجْرًا جَمِيْلًا ﴿١٠﴾ وَذَرْنِيْ وَالْمُكَذِّبِيْنَ

سے ان سے کنارہ کش رہو اور مجھے ان جھٹلانے والوں سے جو دولت مند ہیں

اُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيْلًا ﴿١١﴾ اِنَّ

سمجھ لینے دو اور ان کو تھوڑی سی مہلت دے دو کچھ شک

لَدَيْنَآ اَنْكَالًا وَّجَحِيْمًا ﴿١٢﴾ وَّطَعَامًا

نہیں کہ ہمارے پاس بیڑیاں ہیں اور بھڑکتی آگ ہے اور گلوگیر کھانا

ذَا غُصَّةٍ وَّعَذَابًا اَلِيْمًا ﴿١٣﴾ يَوْمَ تَرْجُفُ

ہے اور درد دینے والا عذاب (بھی) ہے جس دن زمین

الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ

اور پہاڑ کانپنے لگیں اور پہاڑ ایسے بھر بھرے گویا ریت کے ٹیلے

كَثِيْبًا مَّهِيْلًا ﴿۱۴﴾ اِنَّاۤ اَرْسَلْنَاۤ اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا

ہو جائیں (اے اہل مکہ) جس طرح ہم نے فرعون کے پاس (موسیٰ کو) پیغمبر

شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَاۤ اَرْسَلْنَاۤ اِلٰى فِرْعَوْنَ

(بناکر) بھیجا تھا اسی طرح تمہارے پاس (محمدؐ) رسول بھیجے ہیں جو تمہارے مقابلے میں

رَسُوْلًا ﴿۱۵﴾ فَعَصٰى فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ

گواہ ہوں گے سو فرعون نے ہمارے پیغمبر کا

فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّبِيْلًا ﴿۱۶﴾ فَكَيْفَ

کہا نہ مانا تو ہم نے اس کو بڑے وبال میں پکڑ لیا اگر تم بھی

تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا

(ان پیغمبر کو) نہ مانو گے تو اس دن سے کیونکر بچو گے

يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبًا ﴿۱۷﴾ السَّمَآءُ

جو بچوں کو بوڑھا کردے گا اور جس سے

مُنْفَطِرٌۢ بِهٖ ؕ كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا ﴿۱۸﴾

آسمان پھٹ جائے گا یہ اس کا وعدہ پورا ہو کر رہے گا

اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ

یہ (قرآن) تو نصیحت ہے سو جو چاہے اپنے پروردگار تک

اِلٰی رَبِّهٖ سَبِیْلًا ﴿۱۹﴾ اِنَّ رَبَّكَ یَعْلَمُ

(پہنچنے کا) راستہ اختیار کرلے تمہارا پروردگار خوب جانتا ہے کہ تم

اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰی مِنْ ثُلُثَیِ الَّیْلِ وَ

اور تمہارے ساتھ کے لوگ (کبھی) دو تہائی رات کے قریب اور کبھی

نِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِیْنَ

آدھی رات اور (کبھی) تہائی رات قیام کیا کرتے ہو

مَعَكَ ؕ وَاللّٰهُ یُقَدِّرُ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ ؕ عَلِمَ

اور خدا تو رات اور دن کا اندازہ رکھتا ہے اس نے

اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَیْكُمْ فَاقْرَءُوْا

معلوم کیا کہ تم اس کو نباہ نہ سکو گے تو اس نے تم پر مہربانی کی پس جتنا آسانی سے

مَا تَیَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ؕ عَلِمَ اَنْ سَیَكُوْنُ

ہو سکے اتنا قرآن پڑھ لیا کرو اس نے جانا کہ تم میں بعض بیمار بھی

مِنْكُمْ مَّرْضٰی ۙ وَاٰخَرُوْنَ یَضْرِبُوْنَ فِی

ہوتے ہیں اور بعض خدا کے فضل (یعنی معاش) کی تلاش میں

ع ۱ ۱۹ ۱۴

الْاَرْضِ یَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ ۙ وَ

ملک میں سفر کرتے ہیں اور بعض

اٰخَرُوْنَ یُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ۖ

خدا کی راہ میں لڑتے ہیں تو جتنا

فَاقْرَءُوْا مَا تَیَسَّرَ مِنْهُ ۙ وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ

آسانی سے ہو سکے اتنا پڑھ لیا کرو اور نماز پڑھتے رہو

وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا

اور زکوٰۃ ادا کرتے رہو اور خدا کو نیک (اور خلوص نیت سے) قرض

حَسَنًا ؕ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ

دیتے رہو اور جو نیک عمل تم اپنے لیے آگے بھیجو گے

خَیْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَیْرًا وَّاَعْظَمَ

اسی کو خدا کے ہاں بہتر اور صلے میں بزرگ تر پاؤ گے

اَجْرًا ؕ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

اور خدا سے بخشش مانگتے رہو بے شک خدا بخشنے والا

رَّحِیْمٌ ﴿۲۰﴾ ع

مہربان ہے

ع ۱۴ ۲

سُوْرَةُ الْكَهْفِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ مِائَةٌ وَّعَشْرُ اٰيَاتٍ وَّاثْنَا عَشَرَ رُكُوْعًا

سورہ کہف مکی ہے اور اس میں ایک سو دس آیتیں اور بارہ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع خدا کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتٰبَ

سب تعریف خدا ہی کو ہے جس نے اپنے بندے (محمدؐ) پر (یہ) کتاب نازل فرمائی

وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ۜ ۝١ قَيِّمًا لِّيُنْذِرَ بَاْسًا

اور اس میں کسی طرح کی کجی (اور پیچیدگی) نہ رکھی (بلکہ) سیدھی (اور سلیس اتاری) تاکہ (لوگوں کو) عذاب

شَدِيْدًا مِّنْ لَّدُنْهُ وَيُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ

سخت سے جو اس کی طرف سے (آنے والا) ہے ڈرائے اور مومنوں کو جو نیک عمل کرتے ہیں خوشخبری

يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا حَسَنًا ۝٢

سنائے کہ ان کے لیے (انکے کاموں کا) نیک بدلا (یعنی بہشت) ہے

مَّاكِثِيْنَ فِيْهِ اَبَدًا ۝٣ وَّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ قَالُوا

جس میں وہ ابدالآباد رہیں گے اور ان لوگوں کو بھی ڈرائے جو کہتے ہیں

اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۝٤ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ وَّلَا

کہ خدا نے (کسی کو) بیٹا بنا لیا ہے ان کو اس بات کا کچھ بھی علم نہیں اور نہ

لِاٰبَآئِهِمْ ۚ كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ۚ

ان کے باپ دادا ہی کو تھا (یہ) بڑی سخت بات ہے جو ان کے منہ سے نکلتی ہے (اور کچھ شک نہیں

اِنْ يَّقُوْلُوْنَ اِلَّا كَذِبًا ﴿۵﴾ فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ

کہ) یہ جو کچھ کہتے ہیں محض جھوٹ ہے (اے پیغمبر) اگر یہ اس کلام پر

نَّفْسَكَ عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا

ایمان نہ لائیں تو شاید تم ان کے پیچھے رنج کر کر کے اپنے تئیں

الْحَدِيْثِ اَسَفًا ﴿۶﴾ اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْاَرْضِ

ہلاک کر دو گے جو چیز زمین پر ہے ہم نے اس کو زمین کے لیے آرائش

زِيْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ﴿۷﴾ وَ

بنایا ہے تاکہ لوگوں کی آزمائش کریں کہ ان میں کون اچھے عمل کرنے والا ہے اور

اِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا صَعِيْدًا جُرُزًا ﴿۸﴾ اَمْ

جو چیز زمین پر ہے ہم اس کو (نابود کر کے) بنجر میدان کر دیں گے کیا تم

حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ ۙ كَانُوْا

خیال کرتے ہو کہ غار اور لوح والے ہماری نشانیوں میں سے

مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا ﴿۹﴾ اِذْ اَوَى الْفِتْيَةُ اِلَى الْكَهْفِ

عجیب تھے؟ جب وہ جوان غار میں جا رہے

فَقَالُوْا رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ

تو کہنے لگے کہ اے ہمارے پروردگار ہم پر اپنے ہاں سے رحمت نازل فرما اور ہمارے

لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ﴿۱۰﴾ فَضَرَبْنَا عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ

کام میں درستی (کے سامان) مہیا کر تو ہم نے غار میں کئی سال تک ان کے کانوں

فِى الْكَهْفِ سِنِيْنَ عَدَدًا ﴿۱۱﴾ ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ لِنَعْلَمَ

پر (نیند کا) پردہ ڈالے (یعنی ان کو سلائے) رکھا پھر ان کو جگا اٹھایا

اَىُّ الْحِزْبَيْنِ اَحْصٰى لِمَا لَبِثُوْٓا اَمَدًا ﴿۱۲﴾ ع

تاکہ معلوم کریں کہ جتنی مدت وہ (غار میں) رہے دونوں جماعتوں میں سے اس کی مقدار کس کو خوب یاد ہے

نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ نَبَاَهُمْ بِالْحَقِّ ؕ اِنَّهُمْ فِتْيَةٌ

ہم ان کے حالات تم سے صحیح صحیح بیان کرتے ہیں وہ کئی جوان تھے جو

اٰمَنُوْا بِرَبِّهِمْ وَزِدْنٰهُمْ هُدًى ﴿۱۳﴾ ۖ وَّرَبَطْنَا عَلٰى

اپنے پروردگار پر ایمان لائے تھے اور ہم نے ان کو اور زیادہ ہدایت دی تھی اور ان کے دلوں کو مربوط (یعنی

قُلُوْبِهِمْ اِذْ قَامُوْا فَقَالُوْا رَبُّنَا رَبُّ السَّمٰوٰتِ

مضبوط) کر دیا جب وہ اٹھ کھڑے ہوئے تو کہنے لگے کہ ہمارا پروردگار آسمانوں اور

وَالْاَرْضِ لَنْ نَّدْعُوَاۡ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلٰهًا لَّقَدْ

زمین کا مالک ہے ہم اس کے سوا کسی کو معبود (سمجھ کر) نہ پکاریں گے (اگر ایسا کیا) تو

ع ۱۲/۱ ۱۳

قُلْنَآ اِذًا شَطَطًا ﴿١٤﴾ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمُنَا اتَّخَذُوْا مِنْ

اس وقت ہم نے بعید از عقل بات کہی ان ہماری قوم کے لوگوں نے اس کے سوا اور

دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً ؕ لَوْلَا يَاْتُوْنَ عَلَيْهِمْ بِسُلْطٰنٍۭ

معبود بنا رکھے ہیں بھلا یہ ان (کے خدا ہونے) پر کوئی کھلی دلیل کیوں نہیں

بَيِّنٍ ؕ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ

لاتے تو اس سے زیادہ کون ظالم ہے جو اللہ پر جھوٹ افتراء

كَذِبًا ؕ ﴿١٥﴾ وَاِذِ اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا

کرے اور جب تم نے ان (مشرکوں) سے اور جن کی یہ خدا کے سوا عبادت کرتے

اللّٰهَ فَاْوٗٓا اِلَى الْكَهْفِ يَنْشُرْ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ

ہیں ان سے کنارہ کر لیا ہے تو غار میں چل رہو تمہارا پروردگار تمہارے لیے اپنی رحمت وسیع

رَّحْمَتِهٖ وَيُهَيِّئْ لَكُمْ مِّنْ اَمْرِكُمْ مِّرْفَقًا ﴿١٦﴾

کر دے گا اور تمہارے کاموں میں آسانی (کے سامان) مہیا کرے گا

وَتَرَى الشَّمْسَ اِذَا طَلَعَتْ تَّزٰوَرُ عَنْ

اور جب سورج نکلے تو تم دیکھو کہ (دھوپ) ان کے غار سے داہنی طرف

كَهْفِهِمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَاِذَا غَرَبَتْ تَّقْرِضُهُمْ

سمٹ جائے اور جب غروب ہو تو ان سے بائیں

ذَاتَ الشِّمَالِ وَهُمْ فِىْ فَجْوَةٍ مِّنْهُ ذٰلِكَ

طرف کترا جائے اور وہ اس کے میدان میں تھے یہ خدا

مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ

کی نشانیوں میں سے ہیں جس کو خدا ہدایت دے وہ ہدایت یاب ہے

وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِيًّا مُّرْشِدًا ﴿۱۷﴾

اور جس کو گمراہ کرے تو تم اس کے لیے کوئی دوست راہ بتانے والا نہ پاؤ گے

وَتَحْسَبُهُمْ اَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ وَّنُقَلِّبُهُمْ

اور تم ان کو خیال کرو کہ جاگ رہے ہیں حالانکہ وہ سوتے ہیں اور ہم ان کو

ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَذَاتَ الشِّمَالِ وَكَلْبُهُمْ

دائیں اور بائیں کروٹ بدلاتے تھے اور ان کا کتا

بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ لَوِ اطَّلَعْتَ

چوکھٹ پر دونوں ہاتھ پھیلائے ہوئے تھا اگر تم ان کو

عَلَيْهِمْ لَوَلَّيْتَ مِنْهُمْ فِرَارًا وَّلَمُلِئْتَ مِنْهُمْ

جھانک کر دیکھتے تو پیٹھ پھیر کر بھاگ جاتے اور ان سے دہشت میں

رُعْبًا ﴿۱۸﴾ وَكَذٰلِكَ بَعَثْنٰهُمْ لِيَتَسَآءَلُوْا بَيْنَهُمْ

آجاتے اور اسی طرح ہم نے ان کو اٹھایا تاکہ آپس میں ایک دوسرے سے دریافت

قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ كَمْ لَبِثْتُمْ قَالُوْا لَبِثْنَا

کریں ایک کہنے والے نے کہا کہ تم (یہاں) کتنی مدت رہے انھوں نے کہا کہ ایک

يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ قَالُوْا رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا

دن یا اس سے بھی کم انھوں نے کہا جتنی مدت تم رہے ہو تمہارا پروردگار ہی

لَبِثْتُمْ فَابْعَثُوْٓا اَحَدَكُمْ بِوَرِقِكُمْ هٰذِهٖٓ اِلَى

اس کو خوب جانتا ہے تو اپنے میں سے کسی کو یہ روپیہ دے کر شہر کو

الْمَدِيْنَةِ فَلْيَنْظُرْ اَيُّهَآ اَزْكٰى طَعَامًا فَلْيَاْتِكُمْ

بھیجو وہ دیکھے کہ نفیس کھانا کونسا ہے تو اس میں سے کھانا

بِرِزْقٍ مِّنْهُ وَلْيَتَلَطَّفْ وَلَا يُشْعِرَنَّ

لے آئے اور آہستہ آہستہ آئے جائے اور تمہارا حال کسی کو

بِكُمْ اَحَدًا ۝١٩ اِنَّهُمْ اِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ

نہ بتائے اگر وہ تم پر دسترس پالیں گے تو تمہیں

يَرْجُمُوْكُمْ اَوْ يُعِيْدُوْكُمْ فِيْ مِلَّتِهِمْ وَلَنْ

سنگسار کر دیں گے یا پھر اپنے مذہب میں داخل کر لیں گے اور اس وقت

تُفْلِحُوْٓا اِذًا اَبَدًا ۝٢٠ وَكَذٰلِكَ اَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ

تم کبھی فلاح نہ پاؤ گے اور اسی طرح ہم نے (لوگوں کو ان کے حال سے

نصف القرآن باعتبار عدد الحروف بان الکلمة بعد الیاء من النصف الاول والالام الثانیة من

لِيَعْلَمُوْا اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاَنَّ

خبردار کردیا تاکہ وہ جانیں کہ خدا کا وعدہ سچا ہے اور یہ کہ قیامت (جس کا وعدہ کیا جاتا ہے)

السَّاعَةَ لَا رَيْبَ فِيْهَا ۚ اِذْ يَتَنَازَعُوْنَ بَيْنَهُمْ

اس میں کچھ شک نہیں اس وقت لوگ ان کے بارے میں باہم

اَمْرَهُمْ فَقَالُوا ابْنُوْا عَلَيْهِمْ بُنْيَانًا ؕ رَبُّهُمْ

جھگڑنے لگے اور کہنے لگے کہ ان (کے غار) پر عمارت بنا دو ان کا پروردگار ان

اَعْلَمُ بِهِمْ ؕ قَالَ الَّذِيْنَ غَلَبُوْا عَلٰٓى اَمْرِهِمْ

(کے حال) سے خوب واقف ہے جو لوگ ان کے معاملے میں غلبہ رکھتے ہیں وہ کہنے لگے کہ ہم ان

لَنَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِمْ مَّسْجِدًا ﴿٢١﴾ سَيَقُوْلُوْنَ

(کے غار) پر مسجد بنائیں گے (بعض لوگ) اٹکل پچو کہیں گے کہ وہ

ثَلٰثَةٌ رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ خَمْسَةٌ

تین تھے (اور) چوتھا ان کا کتا تھا اور (بعض) کہیں گے کہ وہ پانچ تھے

سَادِسُهُمْ كَلْبُهُمْ رَجْمًا بِالْغَيْبِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ

اور چھٹا ان کا کتا تھا اور (بعض) کہیں گے کہ وہ

سَبْعَةٌ وَّثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ ؕ قُلْ رَّبِّىْۤ اَعْلَمُ

سات تھے اور آٹھواں ان کا کتا تھا کہہ دو کہ میرا پروردگار ہی ان کے

بِعِدَّتِهِمْ مَّا يَعْلَمُهُمْ اِلَّا قَلِيْلٌ ۥ فَلَا تُمَارِ

(تو تم ان) شمار سے خوب واقف ہے ان کو جانتے بھی ہیں تو تھوڑے ہی لوگ (جانتے ہیں)

فِيْهِمْ اِلَّا مِرَآءً ظَاهِرًا ۖ وَّلَا تَسْتَفْتِ فِيْهِمْ

(کے معاملے) میں گفتگو نہ کرنا مگر سرسری سی گفتگو اور نہ ان کے بارے میں ان میں سے کسی

مِّنْهُمْ اَحَدًا ﴿۲۲﴾ وَلَا تَقُوْلَنَّ لِشَايْءٍ اِنِّيْ

سے دریافت ہی کرنا اور کسی کام کی نسبت نہ کہنا کہ میں

فَاعِلٌ ذٰلِكَ غَدًا ﴿۲۳﴾ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ۚ وَاذْكُرْ

اسے کل کر دوں گا مگر (انشاء اللہ کہہ کر یعنی اگر خدا چاہے تو کر دوں گا)

رَّبَّكَ اِذَا نَسِيْتَ وَقُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّهْدِيَنِ

اور جب خدا کا نام لینا بھول جاؤ تو یاد آنے پر لے لو اور کہہ دو کہ امید ہے کہ میرا پروردگار مجھے اس

رَبِّيْ لِاَقْرَبَ مِنْ هٰذَا رَشَدًا ﴿۲۴﴾ وَلَبِثُوْا

سے بھی زیادہ ہدایت کی باتیں بتائے اور اصحاب کہف

فِيْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ وَازْدَادُوْا

اپنے غار میں نو اوپر تین سو سال رہے

تِسْعًا ﴿۲۵﴾ قُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثُوْا ۚ لَهٗ

کہہ دو کہ جتنی مدت وہ رہے اسے خدا ہی خوب جانتا ہے اسی کو

ع ۵ ۳ ۱۵

غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اَبْصِرْ بِهٖ

آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ باتیں (معلوم) ہیں وہ کیا خوب دیکھنے والا اور کیا خوب

وَاَسْمِعْ ؕ مَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ ؗ وَّلَا يُشْرِكُ

سننے والا ہے اس کے سوا ان کا کوئی کارساز نہیں اور نہ وہ اپنے حکم میں

فِيْ حُكْمِهٖٓ اَحَدًا ﴿٢٦﴾ وَاتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ

کسی کو شریک کرتا ہے اور اپنے پروردگار کی کتاب کو جو تمہارے پاس

مِنْ كِتَابِ رَبِّكَ ۚ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَلَنْ

بھیجی جاتی ہے پڑھتے رہا کرو اس کی باتوں کو کوئی بدلنے والا نہیں اور

تَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿٢٧﴾ وَاصْبِرْ نَفْسَكَ

اس کے سوا تم کہیں پناہ بھی نہیں پاؤ گے اور جو لوگ صبح و شام اپنے

مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ

پروردگار کو پکارتے اور اس کی خوشنودی کے طالب ہیں ان کے ساتھ

وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ وَلَا تَعْدُ

صبر کرتے رہو اور تمہاری نگاہیں ان میں سے (گزر کر اور طرف)

عَيْنٰكَ عَنْهُمْ ۚ تُرِيْدُ زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ

نہ دوڑیں کہ تم آرائش زندگانی دنیا کے خواستگار ہو جاؤ

الدُّنْيَا ۚ وَلَا تُطِعْ مَنْ أَغْفَلْنَا قَلْبَهُ

اور جس شخص کے دل کو ہم نے اپنی یاد سے غافل کر دیا ہے

عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوَاهُ وَكَانَ أَمْرُهُ

اور وہ اپنی خواہش کی پیروی کرتا ہے اور اس کا کام حد سے بڑھ گیا ہے

فُرُطًا ﴿٢٨﴾ وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَبِّكُمْ ۖ فَمَنْ

اس کا کہنا نہ ماننا اور کہہ دو کہ (لوگو) یہ قرآن تمہارے پروردگار کی طرف سے برحق ہے تو جو

شَاءَ فَلْيُؤْمِنْ وَمَنْ شَاءَ فَلْيَكْفُرْ ۚ إِنَّا

چاہے ایمان لائے اور جو چاہے کافر رہے ہم نے

أَعْتَدْنَا لِلظَّالِمِينَ نَارًا أَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا ۚ

ظالموں کے لیے دوزخ کی آگ تیار کر رکھی ہے جس کی قناتیں ان کو گھیر رہی ہوں گی

وَإِنْ يَسْتَغِيثُوا يُغَاثُوا بِمَاءٍ كَالْمُهْلِ

اور اگر فریاد کریں گے تو ایسے کھولتے ہوئے پانی سے انکی دادرسی کی جائیگی (جو) پگھلے ہوئے

يَشْوِي الْوُجُوهَ ۚ بِئْسَ الشَّرَابُ وَسَاءَتْ

تانبے کی طرح (گرم ہوگا اور جو) مونھوں کو بھون ڈالے گا (ان کے پینے کا) پانی بھی برا اور آرام گاہ

مُرْتَفَقًا ﴿٢٩﴾ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا

بھی بری

(اور) جو ایمان لائے اور کام بھی نیک

الصّٰلِحٰتِ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ مَنْ اَحْسَنَ

کرتے رہے تو ہم نیک کام کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں

عَمَلًا ۝۳۰ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ

کرتے ایسے لوگوں کے لیے ہمیشہ رہنے کے باغ ہیں جن میں ان کے

مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ

(محلوں کے) نیچے نہریں بہہ رہی ہیں ان کو وہاں سونے کے کنگن

اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّيَلْبَسُوْنَ ثِيَابًا خُضْرًا

پہنائے جائیں گے اور وہ باریک دیبا اور اطلس کے سبز

مِّنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا

کپڑے پہنا کریں گے (اور) تختوں پر تکیے لگا کر بیٹھا

عَلَى الْاَرَآئِكِ ؕ نِعْمَ الثَّوَابُ ؕ وَحَسُنَتْ

کریں گے (کیا) خوب بدلا اور (کیا) خوب

مُرْتَفَقًا ۝۳۱ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ

آرامگاہ ہے اور ان سے دو شخصوں کا حال بیان کرو جن میں سے

جَعَلْنَا لِاَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ مِنْ اَعْنَابٍ وَّ

ایک کو ہم نے انگور کے دو باغ (عنایت) کیے تھے اور ان

ع ۹/۱۶

حَفَفْنٰهُمَا بِنَخْلٍ وَّجَعَلْنَا بَيْنَهُمَا زَرْعًا ؕ (۳۲)

کے گرد گرد کھجوروں کے درخت لگا دیے تھے اور ان کے درمیان کھیتی پیدا کر دی تھی

كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ اٰتَتْ اُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِمْ مِّنْهُ

دونوں باغ (کثرت سے) پھل لاتے اور اس (کی پیداوار) میں کسی طرح کی کمی نہ ہوتی

شَيْـًٔا ۙ وَّفَجَّرْنَا خِلٰلَهُمَا نَهَرًا ۙ (۳۳) وَّكَانَ لَهٗ

اور دونوں میں ہم نے ایک نہر بھی جاری کر رکھی تھی اور (اس طرح) اس (شخص)

ثَمَرٌ ۚ فَقَالَ لِصَاحِبِهٖ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗۤ اَنَا

کو (ان کی پیداوار ملتی رہتی) تھی تو (ایک دن) جب کہ وہ اپنے دوست سے باتیں کر رہا تھا کہنے لگا

اَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا وَّاَعَزُّ نَفَرًا (۳۴) وَدَخَلَ

کہ میں تم سے مال (و دولت) میں بھی زیادہ ہوں اور جتھے (اور جماعت) کے لحاظ سے بھی زیادہ عزت والا ہوں

جَنَّتَهٗ وَهُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ قَالَ مَاۤ اَظُنُّ

اور (ایسی شیخیوں سے) اپنے حق میں ظلم کرتا ہوا اپنے باغ میں داخل ہوا کہنے لگا کہ میں نہیں خیال

اَنْ تَبِيْدَ هٰذِهٖۤ اَبَدًا ۙ (۳۵) وَّمَاۤ اَظُنُّ السَّاعَةَ

کرتا کہ یہ باغ کبھی تباہ ہو اور نہ خیال کرتا ہوں کہ قیامت

قَآئِمَةً ۙ وَّلَئِنْ رُّدِدْتُّ اِلٰى رَبِّىْ لَاَجِدَنَّ

برپا ہو اور اگر میں اپنے پروردگار کی طرف لوٹایا بھی جاؤں تو (وہاں) ضرور اس سے

خَيْرًا مِّنْهَا مُنْقَلَبًا ﴿٣٦﴾ قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ وَ

اچھی جگہ پاؤں گا تو اس کا دوست جو اس سے گفتگو

هُوَ يُحَاوِرُهٗۤ اَكَفَرْتَ بِالَّذِيْ خَلَقَكَ مِنْ

کر رہا تھا کہنے لگا کہ کیا تم اس (خدا) سے کفر کرتے ہو جس نے تم کو مٹی

تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ سَوّٰىكَ رَجُلًا ﴿٣٧﴾ ط

سے پیدا کیا پھر نطفے سے پھر تمہیں پورا مرد بنایا

لٰكِنَّا۠ هُوَ اللّٰهُ رَبِّيْ وَلَاۤ اُشْرِكُ بِرَبِّيْۤ اَحَدًا ﴿٣٨﴾

مگر میں تو یہ کہتا ہوں کہ خدا ہی میرا پروردگار ہے اور میں اپنے پروردگار کے ساتھ کسی کو شریک

وَلَوْلَاۤ اِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَآءَ

نہیں کرتا اور (بھلا) جب تم اپنے باغ میں داخل ہوئے تو تم نے ماشاء اللہ

اللّٰهُ ۙ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۚ اِنْ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ

لاقوۃ الا باللہ کیوں نہ کہا اگر تم مجھے مال و اولاد میں اپنے سے

مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا ﴿٣٩﴾ ج فَعَسٰى رَبِّيْۤ اَنْ

کمتر دیکھتے ہو تو عجب نہیں کہ میرا پروردگار

يُّؤْتِيَنِ خَيْرًا مِّنْ جَنَّتِكَ وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا

مجھے تمہارے باغ سے بہتر عطا فرمائے اور اس (تمہارے باغ) پر

حُسْبَانًا مِّنَ السَّمَآءِ فَتُصْبِحَ صَعِيْدًا زَلَقًا ۟ۙ

آسمان سے آفت بھیج دے تو وہ صاف میدان ہو جائے

اَوْ يُصْبِحَ مَآؤُهَا غَوْرًا فَلَنْ تَسْتَطِيْعَ لَهٗ طَلَبًا ۟

یا اس (کی نہر) کا پانی گہرا ہو جائے تو پھر تم اسے نہ لا سکو

وَاُحِيْطَ بِثَمَرِهٖ فَاَصْبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلٰى

اور اس کے میووں کو عذاب نے آگھیرا اور وہ اپنی چھتریوں پر گر کر رہ گیا تو

مَآ اَنْفَقَ فِيْهَا وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا

جو مال اس نے اس پر خرچ کیا تھا اس پر (حسرت سے) ہاتھ ملنے لگا

وَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُشْرِكْ بِرَبِّيْۤ اَحَدًا ۟

اور کہنے لگا کہ کاش میں اپنے پروردگار کے ساتھ کسی کو شریک نہ بناتا

وَلَمْ تَكُنْ لَّهٗ فِئَةٌ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

اور (اس وقت) خدا کے سوا کوئی جماعت اس کی مددگار نہ ہوئی

وَمَا كَانَ مُنْتَصِرًا ۟ؕ هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ لِلّٰهِ

اور نہ وہ بدلہ لے سکا یہاں (سے ثابت ہوا کہ) حکومت سب خدائے

الْحَقِّ ؕ هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ عُقْبًا ۟ؒ وَاضْرِبْ

برحق ہی کی ہے اسی کا صلہ بہتر اور (اسی کا) بدلہ اچھا ہے اور ان سے دنیا کی

ع ۱۱ / ۱۷

لَهُمْ مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ

زندگی کی مثال بھی بیان کردو (وہ ایسی ہے) جیسے پانی جسے ہم نے آسمان

السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ

سے برسایا تو اس کے ساتھ زمین کی روئیدگی مل گئی

فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ ؕ وَكَانَ

پھر وہ چورا چورا ہوگئی کہ ہوائیں اسے اڑاتی پھرتی ہیں اور خدا

اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ﴿۴۵﴾ اَلْمَالُ

تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے مال اور

وَالْبَنُوْنَ زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَالْبٰقِيٰتُ

بیٹے تو دنیا کی زندگی کی (رونق و) زینت ہیں اور نیکیاں جو باقی رہنے والی

الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ

ہیں وہ ثواب کے لحاظ سے تمہارے پروردگار کے ہاں بہت اچھی اور امید کے لحاظ سے بہت

اَمَلًا ﴿۴۶﴾ وَيَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَتَرَى الْاَرْضَ

بہتر ہیں اور جس دن ہم پہاڑوں کو چلائیں گے اور تم زمین کو صاف میدان

بَارِزَةً ۙ وَّحَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ

دیکھو گے اور ان (لوگوں) کو ہم جمع کر لیں گے تو ان میں سے کسی کو بھی نہ

اَحَدًا ﴿۴۷﴾ وَعُرِضُوْا عَلٰى رَبِّكَ صَفًّا ؕ لَقَدْ

اور سب تمہارے پروردگار کے سامنے صف باندھ کر لائے جائیں گے (تو ہم ان سے کہیں گے کہ) چھوڑیں گے

جِئْتُمُوْنَا كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍۢ ؗ بَلْ

جس طرح ہم نے تم کو پہلی بار پیدا کیا تھا (اسی طرح آج) تم ہمارے سامنے آئے

زَعَمْتُمْ اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ مَّوْعِدًا ﴿۴۸﴾ وَوُضِعَ

لیکن تم نے تو یہ خیال کر رکھا تھا کہ ہم نے تمہارے لیے (قیامت کا) کوئی وقت مقرر ہی نہیں کیا اور (عملوں

الْكِتٰبُ فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ

کی) کتاب (کھول کر) رکھی جائے گی تو تم گنہگاروں کو دیکھو گے کہ جو کچھ اس میں (لکھا) ہوگا اس سے

مِمَّا فِيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ يٰوَيْلَتَنَا مَالِ هٰذَا

ڈر رہے ہوں گے اور کہیں گے ہائے شامت یہ کیسی کتاب ہے

الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً اِلَّآ

کہ نہ چھوٹی بات کو چھوڑتی ہے نہ بڑی کو (کوئی بات بھی نہیں) مگر اسے لکھ

اَحْصٰىهَا ۚ وَوَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ؕ وَلَا

رکھا ہے اور جو عمل کیے ہوں گے سب کو حاضر پائیں گے اور تمہارا

يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا ﴿۴۹﴾ ع وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ

پروردگار کسی پر ظلم نہیں کرے گا اور جب ہم نے فرشتوں کو حکم دیا کہ

ع ۶ ۵ ۱۸

اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ كَانَ

آدم کو سجدہ کرو تو سب نے سجدہ کیا مگر ابلیس نے (نہ کیا) وہ جنات

مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ ؕ اَفَتَتَّخِذُوْنَهٗ

میں سے تھا تو اپنے پروردگار کے حکم سے باہر ہو گیا کیا تم اس کو اور اس کی

وَذُرِّيَّتَهٗٓ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِيْ وَهُمْ لَكُمْ

اولاد کو میرے سوا دوست بناتے ہو حالانکہ وہ تمہارے

عَدُوٌّ ؕ بِئْسَ لِلظّٰلِمِيْنَ بَدَلًا ۝۵۰ مَآ

دشمن ہیں (اور شیطان کی دوستی) ظالموں کے لیے (خدا کی دوستی کا) برا بدل ہے میں نے

اَشْهَدْتُّهُمْ خَلْقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

ان کو نہ تو آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے کے وقت بلایا تھا

وَلَا خَلْقَ اَنْفُسِهِمْ ۪ وَمَا كُنْتُ مُتَّخِذَ

اور نہ خود ان کے پیدا کرنے کے وقت اور میں ایسا نہ تھا کہ گمراہ کرنے

الْمُضِلِّيْنَ عَضُدًا ۝۵۱ وَيَوْمَ يَقُوْلُ نَادُوْا

والوں کو مددگار بناتا اور جس دن خدا فرمائے گا کہ

شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ فَدَعَوْهُمْ

(اب) میرے شریکوں کو جن کی نسبت تم گمان (الوہیت) رکھتے تھے بلاؤ تو وہ ان کو بلائیں گے

فَلَمۡ يَسۡتَجِيۡبُوۡا لَهُمۡ وَجَعَلۡنَا بَيۡنَهُمۡ مَّوۡبِقًا ﴿۵۲﴾

مگر وہ ان کو کچھ جواب نہ دیں گے اور ہم ان کے بیچ میں ایک ہلاکت کی جگہ بنا دیں گے

وَرَاَ الۡمُجۡرِمُوۡنَ النَّارَ فَظَنُّوۡۤا اَنَّهُمۡ مُّوَاقِعُوۡهَا

اور گنہگار لوگ دوزخ کو دیکھیں گے تو یقین کر لیں گے کہ وہ اس میں پڑنے والے ہیں

وَلَمۡ يَجِدُوۡا عَنۡهَا مَصۡرِفًا ﴿۵۳﴾ۧ وَلَقَدۡ صَرَّفۡنَا

اور اس سے بچنے کا کوئی رستہ نہ پائیں گے اور ہم نے اس قرآن

فِىۡ هٰذَا الۡقُرۡاٰنِ لِلنَّاسِ مِنۡ كُلِّ مَثَلٍ‌ؕ

میں لوگوں (کے سمجھانے) کے لیے طرح طرح کی مثالیں بیان

وَكَانَ الۡاِنۡسَانُ اَكۡثَرَ شَىۡءٍ جَدَلًا ﴿۵۴﴾ وَمَا

فرمائی ہیں لیکن انسان سب چیزوں سے بڑھ کر جھگڑالو ہے اور لوگوں

مَنَعَ النَّاسَ اَنۡ يُّؤۡمِنُوۡۤا اِذۡ جَآءَهُمُ

کے پاس جب ہدایت آ گئی تو ان کو کس چیز نے منع کیا کہ

الۡهُدٰى وَيَسۡتَغۡفِرُوۡا رَبَّهُمۡ اِلَّاۤ اَنۡ تَاۡتِيَهُمۡ

ایمان لائیں اور اپنے پروردگار سے بخشش مانگیں بجز اس کے کہ (اس بات

سُنَّةُ الۡاَوَّلِيۡنَ اَوۡ يَاۡتِيَهُمُ الۡعَذَابُ قُبُلًا ﴿۵۵﴾

کے منتظر ہوں کہ) انھیں بھی پہلوں کا سا معاملہ پیش آئے یا ان پر عذاب سامنے آ موجود ہو

ع ۱۹

وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَ

اور ہم جو پیغمبروں کو بھیجا کرتے ہیں تو صرف اس لیے کہ (لوگوں کو خدا کی نعمتوں کی) خوشخبریاں سنائیں اور

مُنْذِرِيْنَ ۚ وَيُجَادِلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِالْبَاطِلِ

(عذاب سے) ڈرائیں اور جو کافر ہیں وہ باطل (کی سند) سے جھگڑا کرتے ہیں تاکہ اس سے

لِيُدْحِضُوْا بِهِ الْحَقَّ وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَمَآ

حق کو پھسلا دیں اور انھوں نے ہماری آیتوں کو اور جس چیز سے ان

اُنْذِرُوْا هُزُوًا ﴿۵۶﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ

کو ڈرایا جاتا ہے ہنسی بنا لیا اور اس سے زیادہ ظالم کون ہے جس کو اس کے پروردگار

بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ فَاَعْرَضَ عَنْهَا وَنَسِيَ مَا

کے کلام سے سمجھایا گیا تو اس نے اس سے منہ پھیر لیا اور جو اعمال وہ آگے کر چکا اس

قَدَّمَتْ يَدٰهُ ۭ اِنَّا جَعَلْنَا عَلٰي قُلُوْبِهِمْ

کو بھول گیا ہم نے ان کے دلوں پر پردے ڈال دیے ہیں

اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ۭ وَ

کہ اسے سمجھ نہ سکیں اور کانوں میں ثقل پیدا کر دیا کہ سن نہ سکیں) اور اگر

اِنْ تَدْعُهُمْ اِلَى الْهُدٰى فَلَنْ يَّهْتَدُوْٓا اِذًا

تم ان کو رستے کی طرف بلاؤ تو کبھی رستے پر نہ آئیں

اَبَدًا ﴿۵۷﴾ وَرَبُّكَ الْغَفُورُ ذُو الرَّحْمَةِ ۖ لَوْ

گے اور تمہارا پروردگار بخشنے والا صاحب رحمت ہے اگر وہ

يُؤَاخِذُهُمْ بِمَا كَسَبُوا لَعَجَّلَ لَهُمُ الْعَذَابَ ۚ

ان کے کرتوتوں پر ان کو پکڑنے لگے تو ان پر جھٹ عذاب بھیج دے

بَلْ لَّهُمْ مَّوْعِدٌ لَّنْ يَّجِدُوا مِنْ دُونِهِ

مگر ان کے لیے ایک وقت (مقرر کر رکھا) ہے کہ اس کے عذاب سے کوئی پناہ کی جگہ نہ

مَوْئِلًا ﴿۵۸﴾ وَتِلْكَ الْقُرٰى اَهْلَكْنٰهُمْ لَمَّا ظَلَمُوا

پائیں گے اور یہ بستیاں (جو ویران پڑی ہیں) جب انھوں نے (کفر سے) ظلم کیا تو ہم نے انکو

وَجَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِمْ مَّوْعِدًا ﴿۵۹﴾ وَاِذْ قَالَ

تباہ کر دیا اور ان کی تباہی کے لیے ایک وقت مقرر کر دیا تھا اور جب موسیٰ نے اپنے

مُوسٰى لِفَتٰىهُ لَا اَبْرَحُ حَتّٰى اَبْلُغَ مَجْمَعَ

شاگرد سے کہا کہ جب تک میں دو دریاؤں کے ملنے کی جگہ نہ پہنچ جاؤں ہٹنے کا

الْبَحْرَيْنِ اَوْ اَمْضِيَ حُقُبًا ﴿۶۰﴾ فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ

نہیں خواہ برسوں چلتا رہوں جب ان کے ملنے کے مقام

بَيْنِهِمَا نَسِيَا حُوتَهُمَا فَاتَّخَذَ سَبِيلَهُ فِي الْبَحْرِ

پر پہنچے تو اپنی مچھلی بھول گئے تو اس نے دریا میں سرنگ کی طرح اپنا رستہ

سَرَبًا ﴿٦١﴾ فَلَمَّا جَاوَزَا قَالَ لِفَتٰىهُ اٰتِنَا غَدَآءَنَا

بنا لیا جب آگے چلے تو (موسیٰ نے) اپنے شاگرد سے کہا کہ ہمارے لیے کھانا لاؤ

لَقَدْ لَقِيْنَا مِنْ سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا ﴿٦٢﴾ قَالَ

اس سفر سے ہم کو بہت تکان ہوگئی ہے (اس نے) کہا کہ

اَرَءَيْتَ اِذْ اَوَيْنَآ اِلَى الصَّخْرَةِ فَاِنِّيْ نَسِيْتُ

بھلا آپ نے دیکھا کہ جب ہم نے پتھر کے پاس آرام کیا تھا تو میں مچھلی (وہیں)

الْحُوْتَ ۡ وَمَآ اَنْسٰنِيْهُ اِلَّا الشَّيْطٰنُ اَنْ اَذْكُرَهٗ ۚ

بھول گیا اور مجھے (آپ سے) اس کا ذکر کرنا شیطان نے بھلا دیا

وَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِى الْبَحْرِ ۖ عَجَبًا ﴿٦٣﴾ قَالَ

اور اس نے عجب طرح سے دریا میں اپنا رستہ لیا (موسیٰ نے) کہا

ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ ۖ فَارْتَدَّا عَلٰٓى اٰثَارِهِمَا

یہی تو (وہ مقام) ہے جسے ہم تلاش کرتے تھے تو وہ اپنے پاؤں کے نشان دیکھتے

قَصَصًا ﴿٦٤﴾ فَوَجَدَا عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَآ

دیکھتے لوٹ گئے (وہاں) انھوں نے ہمارے بندوں میں سے ایک بندہ کو دیکھا جس کو

اٰتَيْنٰهُ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَعَلَّمْنٰهُ مِنْ

ہم نے اپنے سے رحمت (نبوت یا نعمت ولایت) دی تھی اور اپنے پاس سے علم

لَّدُنَّا عِلْمًا ﴿۶۵﴾ قَالَ لَهٗ مُوسٰى هَلْ اَتَّبِعُكَ

بخشا تھا موسیٰ نے ان سے (جن کا نام خضر تھا) کہا کہ جو علم (خدا کی طرف سے) آپ کو سکھایا

عَلٰٓى اَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا ﴿۶۶﴾ قَالَ

گیا ہے اگر آپ اس میں سے مجھے کچھ بھلائی (کی باتیں) سکھائیں تو میں آپ کے ساتھ رہوں (خضر نے) کہا

اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِىَ صَبْرًا ﴿۶۷﴾ وَكَيْفَ

کہ تم میرے ساتھ رہ کر صبر نہیں کر سکو گے اور جس بات کی تمہیں

تَصْبِرُ عَلٰى مَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ خُبْرًا ﴿۶۸﴾ قَالَ

خبر ہی نہیں اس پر صبر بھی کیوں کر سکتے ہو (موسیٰ نے) کہا خدا

سَتَجِدُنِىْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ صَابِرًا وَّلَآ اَعْصِىْ

نے چاہا تو آپ مجھے صابر پائیے گا اور میں آپ کے ارشاد کے

لَكَ اَمْرًا ﴿۶۹﴾ قَالَ فَاِنِ اتَّبَعْتَنِىْ فَلَا تَسْئَلْنِىْ

خلاف نہیں کرونگا (خضر نے کہا) اگر تم میرے ساتھ رہنا چاہو تو (شرط یہ ہے) مجھ سے کوئی

عَنْ شَىْءٍ حَتّٰٓى اُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا ﴿۷۰﴾ ع

۹ ع ۱۱ ۲۱

بات نہ پوچھنا جب تک میں خود اس کا ذکر تم سے نہ کردوں

فَانْطَلَقَا حَتّٰٓى اِذَا رَكِبَا فِى السَّفِيْنَةِ خَرَقَهَا

تو دونوں چل پڑے یہاں تک کہ جب کشتی میں سوار ہوئے تو (خضر نے) کشتی کو پھاڑ ڈالا

قَالَ اَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا ۚ لَقَدْ جِئْتَ

(موسیٰ نے) کہا کیا آپ نے اس کو اس لیے پھاڑا ہے کہ سواروں کو غرق کردیں یہ تو آپ نے بڑی

شَيْئًا اِمْرًا ﴿٧١﴾ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ

عجیب بات کی (خضرؑ نے) کہا کیا میں نے نہیں کہا تھا کہ تم میرے ساتھ صبر نہ کر

مَعِيَ صَبْرًا ﴿٧٢﴾ قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِيْ بِمَا نَسِيْتُ

سکو گے (موسیٰ نے) کہا کہ جو بھول مجھ سے ہوئی اس پر مواخذہ نہ کیجیے

وَلَا تُرْهِقْنِيْ مِنْ اَمْرِيْ عُسْرًا ﴿٧٣﴾ فَانْطَلَقَا ۫

اور میرے معاملہ میں مجھ پر مشکل نہ ڈالیے پھر دونوں چلے یہاں

حَتّٰٓى اِذَا لَقِيَا غُلٰمًا فَقَتَلَهٗ ۙ قَالَ اَقَتَلْتَ

تک کہ رستے میں) ایک لڑکا ملا تو (خضرؑ نے) اس کو مار ڈالا (موسیٰ نے) کہا کہ آپ نے ایک بے گناہ شخص

نَفْسًا زَكِيَّةً ۢ بِغَيْرِ نَفْسٍ ۭ لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا نُّكْرًا ﴿٧٤﴾

کو ناحق (بغیر قصاص کے) مار ڈالا (یہ تو) آپ نے بری بات کی

قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ

(خضرؑ نے) کہا کیا میں نے نہیں کہا تھا کہ تم میرے ساتھ صبر نہیں کر سکو

صَبْرًا ﴿٧٥﴾ قَالَ اِنْ سَاَلْتُكَ عَنْ شَيْءٍ ۢ بَعْدَهَا

گے انھوں نے کہا کہ اگر میں اس کے بعد (پھر) کوئی بات پوچھوں (یعنی اعتراض کروں)

فَلَا تُصٰحِبْنِیْ ۚ قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَّدُنِّیْ عُذْرًا ﴿۷۶﴾

تو مجھے اپنے ساتھ نہ رکھیے گا کہ آپ میری طرف سے عذر (کے قبول کرنے میں غایت) کو پہنچ گئے

فَانْطَلَقَا ٚ حَتّٰۤی اِذَاۤ اَتَیَاۤ اَهْلَ قَرْیَةِ ﹰاسْتَطْعَمَاۤ

پھر دونوں چلے یہاں تک کہ ایک گاؤں والوں کے پاس پہنچے اور ان سے کھانا

اَهْلَهَا فَاَبَوْا اَنْ یُّضَیِّفُوْهُمَا فَوَجَدَا فِیْهَا

طلب کیا انھوں نے ان کی ضیافت کرنے سے انکار کیا پھر انھوں نے وہاں ایک دیوار دیکھی

جِدَارًا یُّرِیْدُ اَنْ یَّنْقَضَّ فَاَقَامَهٗ ؕ قَالَ لَوْ شِئْتَ

جو (جھک کر) گرا چاہتی تھی تو (خضر نے) اس کو سیدھا کر دیا (موسیٰ نے) کہا کہ اگر آپ چاہتے تو

لَتَّخَذْتَ عَلَیْهِ اَجْرًا ﴿۷۷﴾ قَالَ هٰذَا فِرَاقُ بَیْنِیْ

ان سے (اس کا) معاوضہ لیتے (تاکہ کھانے کا کام چلتا) (خضر نے) کہا کہ اب مجھ میں اور تم میں

وَبَیْنِكَ ۚ سَاُنَبِّئُكَ بِتَاْوِیْلِ مَا لَمْ تَسْتَطِعْ عَّلَیْهِ

علیحدگی ہے (مگر) جن باتوں پر تم صبر نہ کر سکے میں ان کا بھید تمھیں بتائے

صَبْرًا ﴿۷۸﴾ اَمَّا السَّفِیْنَةُ فَكَانَتْ لِمَسٰكِیْنَ یَعْمَلُوْنَ

دیتا ہوں (کہ وہ جو) کشتی (تھی) غریب لوگوں کی تھی جو دریا میں محنت (کرکے یعنی کشتیاں چلا

فِی الْبَحْرِ فَاَرَدْتُّ اَنْ اَعِیْبَهَا وَكَانَ وَرَآءَهُمْ

کر گزارہ) کرتے تھے اور ان کے سامنے (کی طرف) ایک بادشاہ تھا جو ہر ایک کشتی کو

مَّلِكٌ يَّاْخُذُ كُلَّ سَفِيْنَةٍ غَصْبًا ﴿٧٩﴾ وَ

زبردستی چھین لیتا تھا تو میں نے چاہا کہ اسے عیب دار کر دوں (تاکہ وہ اسے غصب نہ کر سکے) اور

اَمَّا الْغُلٰمُ فَكَانَ اَبَوٰهُ مُؤْمِنَيْنِ فَخَشِيْنَآ

وہ جو لڑکا تھا اس کے ماں باپ دونوں مومن تھے ہمیں اندیشہ ہوا کہ وہ

اَنْ يُّرْهِقَهُمَا طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ﴿٨٠﴾ فَاَرَدْنَآ

(بڑا ہو کر) بدکردار ہوگا کہیں ان کو سرکشی اور کفر میں نہ پھنسا دے تو ہم نے چاہا کہ

اَنْ يُّبْدِلَهُمَا رَبُّهُمَا خَيْرًا مِّنْهُ زَكٰوةً وَّ

ان کا پروردگار اس کی جگہ ان کو اور (بچہ) عطا فرمائے جو پاک طینتی میں بہتر اور محبت

اَقْرَبَ رُحْمًا ﴿٨١﴾ وَاَمَّا الْجِدَارُ فَكَانَ لِغُلٰمَيْنِ

میں زیادہ قریب ہو اور وہ جو دیوار تھی سو وہ یتیم لڑکوں کی تھی

يَتِيْمَيْنِ فِى الْمَدِيْنَةِ وَكَانَ تَحْتَهٗ

(جو) شہر میں (رہتے تھے) اور اس کے نیچے ان کا خزانہ

كَنْزٌ لَّهُمَا وَكَانَ اَبُوْهُمَا صَالِحًا ۚ فَاَرَادَ

(مدفون تھا) اور ان کا باپ ایک نیک آدمی تھا تو تمہارے پروردگار

رَبُّكَ اَنْ يَّبْلُغَآ اَشُدَّهُمَا وَيَسْتَخْرِجَا كَنْزَهُمَا ۖ

نے چاہا کہ وہ اپنی جوانی کو پہنچ جائیں اور (پھر) اپنا خزانہ نکالیں

رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۚ وَمَا فَعَلْتُهٗ عَنْ اَمْرِیْ ؕ

یہ تمہارے پروردگار کی مہربانی ہے اور یہ کام میں نے اپنی طرف سے نہیں کیے

ذٰلِكَ تَاْوِیْلُ مَا لَمْ تَسْطِعْ عَّلَیْهِ صَبْرًا ﴿۸۲﴾ ع ۱۲

یہ ان باتوں کا راز ہے جن پر تم صبر نہ کر سکے

وَیَسْـَٔلُوْنَكَ عَنْ ذِی الْقَرْنَیْنِ ؕ قُلْ

اور تم سے ذوالقرنین کے بارے میں دریافت کرتے ہیں کہہ دو

سَاَتْلُوْا عَلَیْكُمْ مِّنْهُ ذِكْرًا ﴿۸۳﴾ اِنَّا مَكَّنَّا لَهٗ

کہ میں اس کا کسی قدر حال تمہیں پڑھ کر سناتا ہوں ہم نے اس کو زمین میں

فِی الْاَرْضِ وَاٰتَیْنٰهُ مِنْ كُلِّ شَیْءٍ

بڑی دسترس دی تھی اور ہر طرح کا سامان عطا کیا

سَبَبًا ﴿۸۴﴾ فَاَتْبَعَ سَبَبًا ﴿۸۵﴾ حَتّٰۤی اِذَا بَلَغَ

تھا تو اس نے (سفر کا) ایک سامان کیا یہاں تک کہ جب سورج کے

مَغْرِبَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَغْرُبُ فِیْ

غروب ہونے کی جگہ پہنچا تو اسے ایسا پایا کہ ایک کیچڑ کی ندی میں

عَیْنٍ حَمِئَةٍ وَّوَجَدَ عِنْدَهَا قَوْمًا ؕ قُلْنَا

ڈوب رہا ہے اور اس (ندی) کے پاس ایک قوم دیکھی ہم نے کہا

يٰذَا الْقَرْنَيْنِ اِمَّآ اَنْ تُعَذِّبَ وَاِمَّآ اَنْ

ذوالقرنین: تم ان کو خواہ تکلیف دو خواہ ان (کے بارے) میں بھلائی اختیار

تَتَّخِذَ فِيْهِمْ حُسْنًا ﴿٨٦﴾ قَالَ اَمَّا مَنْ ظَلَمَ

کرو (دونوں باتوں کی تم کو قدرت ہے) (ذوالقرنین نے) کہا کہ جو (کفر و بدکرداری سے) ظلم

فَسَوْفَ نُعَذِّبُهٗ ثُمَّ يُرَدُّ اِلٰى رَبِّهٖ فَيُعَذِّبُهٗ

کریگا اسے ہم عذاب دیں گے پھر (جب) وہ اپنے پروردگار کی طرف لوٹایا جائے گا تو وہ بھی اسے

عَذَابًا نُّكْرًا ﴿٨٧﴾ وَاَمَّا مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ

برا عذاب دے گا اور جو ایمان لائے گا اور نیک عمل کریگا

صَالِحًا فَلَهٗ جَزَآءَ ۨ الْحُسْنٰى ۚ وَسَنَقُوْلُ لَهٗ

اس کے لیے بہت اچھا بدلہ ہے اور ہم اپنے معاملے میں (اس پر

مِنْ اَمْرِنَا يُسْرًا ﴿٨٨﴾ ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ﴿٨٩﴾ حَتّٰٓى

کسی طرح کی سختی نہیں کرینگے بلکہ) اس سے نرم بات کہیں گے پھر اس نے ایک اور سامان (سفر کیا)

اِذَا بَلَغَ مَطْلِعَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَطْلُعُ

یہاں تک کہ سورج کے طلوع ہونے کے مقام پر پہنچا تو دیکھا کہ وہ ایسے لوگوں پر طلوع کرتا

عَلٰى قَوْمٍ لَّمْ نَجْعَلْ لَّهُمْ مِّنْ دُوْنِهَا

ہے جن کے لیے ہم نے سورج کے اس طرف کوئی اوٹ نہیں بنائی

سِتْرًا ﴿٩٠﴾ كَذٰلِكَ ۖ وَقَدْ اَحَطْنَا بِمَا لَدَيْهِ

تھی (حقیقت حال) یوں (تھی) اور جو کچھ اس کے پاس تھا ہم کو سب کی خبر

خُبْرًا ﴿٩١﴾ ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ﴿٩٢﴾ حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ

تھی پھر اس نے ایک اور سامان کیا یہاں تک کہ دو دیواروں کے

بَيْنَ السَّدَّيْنِ وَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمَا قَوْمًا ۙ

درمیان پہنچا تو دیکھا کہ ان کے اس طرف کچھ لوگ ہیں کہ

لَّا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ قَوْلًا ﴿٩٣﴾ قَالُوْا يٰذَا

بات کو سمجھ نہیں سکتے ان لوگوں نے کہا کہ

الْقَرْنَيْنِ اِنَّ يَاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ مُفْسِدُوْنَ

ذوالقرنین! یاجوج اور ماجوج زمین میں فساد کرتے

فِى الْاَرْضِ فَهَلْ نَجْعَلُ لَكَ خَرْجًا

رہتے ہیں بھلا ہم آپ کے لیے خرچ (کا انتظام) کردیں کہ آپ

عَلٰٓى اَنْ تَجْعَلَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ سَدًّا ﴿٩٤﴾

ہمارے اور ان کے درمیان ایک دیوار کھینچ دیں

قَالَ مَا مَكَّنِّىْ فِيْهِ رَبِّىْ خَيْرٌ فَاَعِيْنُوْنِىْ

(ذوالقرنین نے) کہا کہ خرچ کا جو مقدور خدا نے مجھے بخشا ہے وہ بہت اچھا ہے

بِقُوَّةٍ أَجْعَلْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ رَدْمًا ﴿٩٥﴾

تم مجھے قوت (بازو) سے مدد دو میں تمہارے اور ان کے درمیان ایک مضبوط اوٹ بنا دوں گا

اٰتُوْنِيْ زُبَرَ الْحَدِيْدِ ؕ حَتّٰٓى إِذَا سَاوٰى بَيْنَ

تو تم لوہے کے (بڑے بڑے) تختے لاؤ (چنانچہ کام جاری کر دیا گیا) یہاں تک کہ جب اس نے

الصَّدَفَيْنِ قَالَ انْفُخُوْا ؕ حَتّٰٓى إِذَا جَعَلَهٗ

دونوں پہاڑوں کے درمیان کا حصہ برابر کر دیا اور کہا کہ (اب اسے) دھونکو یہاں تک کہ جب

نَارًا ۙ قَالَ اٰتُوْنِيْٓ أُفْرِغْ عَلَيْهِ قِطْرًا ﴿٩٦﴾ فَمَا

اس کو (دھونک دھونک کر) آگ کر دیا تو کہا کہ (اب) میرے پاس تانبا لاؤ کہ اس کو پگھلا کر ڈال دوں

اسْطَاعُوْٓا أَنْ يَّظْهَرُوْهُ وَمَا اسْتَطَاعُوْا

پھر ان میں یہ قدرت نہ رہی کہ اس پر چڑھ سکیں اور نہ یہ طاقت رہی کہ اس میں

لَهٗ نَقْبًا ﴿٩٧﴾ قَالَ هٰذَا رَحْمَةٌ مِّنْ رَّبِّيْ ۚ فَإِذَا

نقب لگا سکیں بولا کہ یہ میرے پروردگار کی مہربانی ہے جب میرے

جَآءَ وَعْدُ رَبِّيْ جَعَلَهٗ دَكَّآءَ ۚ وَكَانَ وَعْدُ

پروردگار کا وعدہ آ پہنچے گا تو اس کو (ڈھا کر) ہموار کر دے گا اور میرے پروردگار کا

رَبِّيْ حَقًّا ﴿٩٨﴾ وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ يَّمُوْجُ

وعدہ سچا ہے (اس روز) ہم ان کو چھوڑ دیں گے کہ روئے زمین پر پھیل کر ایک دوسرے

فِیْ بَعْضٍ وَّنُفِخَ فِی الصُّوْرِ فَجَمَعْنٰهُمْ

میں گھس جائیں گے اور صور پھونکا جائے گا تو ہم سب کو جمع کر

جَمْعًا ﴿۹۹﴾ وَّعَرَضْنَا جَهَنَّمَ یَوْمَئِذٍ لِّلْكٰفِرِیْنَ

لیں گے اور اس روز جہنم کو کافروں کے سامنے

عَرْضَا ﴿۱۰۰﴾ الَّذِیْنَ كَانَتْ اَعْیُنُهُمْ فِیْ غِطَآءٍ

لائیں گے جن کی آنکھیں میری یاد سے پردے میں تھیں

عَنْ ذِكْرِیْ وَكَانُوْا لَا یَسْتَطِیْعُوْنَ سَمْعًا ﴿۱۰۱﴾ ع ۱۱

اور وہ سننے کی طاقت نہیں رکھتے تھے

اَفَحَسِبَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْۤا اَنْ یَّتَّخِذُوْا

کیا کافر یہ خیال کرتے ہیں کہ وہ ہمارے بندوں کو ہمارے سوا (اپنا) کارساز

عِبَادِیْ مِنْ دُوْنِیْۤ اَوْلِیَآءَ ؕ اِنَّاۤ اَعْتَدْنَا

بنائیں گے (تو ہم خفا نہیں ہوں گے) ہم نے (ایسے) کافروں کے لیے جہنم کی

جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِیْنَ نُزُلًا ﴿۱۰۲﴾ قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ

مہمانی تیار کر رکھی ہے کہہ دو کہ ہم تمہیں بتائیں جو عملوں

بِالْاَخْسَرِیْنَ اَعْمَالًا ﴿۱۰۳﴾ اَلَّذِیْنَ ضَلَّ

کے لحاظ سے بڑے نقصان میں ہیں وہ لوگ جن کی سعی

سَعْيُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ

دنیا کی زندگی میں برباد ہوگئی اور وہ یہ بات سمجھے ہوئے ہیں

اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا ﴿۱۰۴﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

کہ اچھے کام کر رہے ہیں یہ وہ لوگ ہیں جنھوں نے

كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَلِقَآئِهٖ فَحَبِطَتْ

اپنے پروردگار کی آیتوں اور اس کے سامنے جانے سے انکار کیا تو ان کے اعمال

اَعْمَالُهُمْ فَلَا نُقِيْمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

ضائع ہوگئے اور ہم قیامت کے دن ان کے لیے کچھ بھی وزن قائم نہیں

وَزْنًا ﴿۱۰۵﴾ ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوْا

کریں گے یہ ان کی سزا ہے (یعنی) جہنم اس لیے کہ انھوں نے کفر کیا

وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَرُسُلِيْ هُزُوًا ﴿۱۰۶﴾ اِنَّ

اور ہماری آیتوں اور ہمارے پیغمبروں کی ہنسی اڑائی جو

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ

لوگ ایمان لائے اور عمل نیک کیے ان کی مہمانی

لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ﴿۱۰۷﴾ خٰلِدِيْنَ

کے لیے بہشت کے باغ ہونگے ہمیشہ ان میں

فِيهَا لَا يَبْغُونَ عَنْهَا حِوَلًا ﴿١٠٨﴾ قُلْ لَّوْ

رہیں گے اور وہاں سے مکان بدلنا نہ چاہیں گے • کہہ دو کہ اگر

كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ

سمندر میرے پروردگار کی باتوں کے (لکھنے کے) لیے سیاہی ہو تو

لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ

قبل اس کے کہ میرے پروردگار کی باتیں تمام ہوں سمندر ختم ہو جائے

رَبِّيْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ﴿١٠٩﴾ قُلْ اِنَّمَآ

اگرچہ ہم ویسا ہی سمندر اور اس کی مدد کو لائیں کہہ دو کہ میں

اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ

تمہاری طرح کا ایک بشر ہوں (البتہ) میری طرف وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود (وہی)

اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ

ایک معبود ہے تو جو شخص اپنے پروردگار سے ملنے کی امید رکھے چاہیے کہ

رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ

نیک عمل کرے اور اپنے پروردگار کی عبادت

بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ﴿١١٠﴾ ع

میں کسی کو شریک نہ بنائے

سُوْرَةُ الْجِنِّ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانٌ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

سورۃ جن مکی ہے اس میں اٹھائیس آیتیں اور دو رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع خدا کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ

(اے پیغمبر لوگوں سے) کہہ دو کہ میرے پاس وحی آئی ہے کہ جنوں کی ایک جماعت نے

الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا

(اس کتاب کو) سنا تو کہنے لگے کہ ہم نے ایک عجیب قرآن سنا

عَجَبًا ۙ ① يَّهْدِيْٓ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ

جو بھلائی کا رستہ بتاتا ہے سو ہم اس پر ایمان

وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۙ ② وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى

لے آئے اور ہم اپنے پروردگار کے ساتھ کسی کو شریک نہیں بنائیں گے اور یہ کہ ہمارے

جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۙ ③

پروردگار کی عظمت (شان) بہت بڑی ہے وہ نہ بیوی رکھتا ہے اور نہ اولاد

